**08.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ ارجمند علی خان

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کے لیے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے تلنگانہ میں ریلیاں کی ہیں۔
☆ مرکزی جانچ بیورو نے روسی فوج میں لڑنے کے لیے غیرقانونی طور پر بھارتی شہریوں کو بھیجے جانے سے متعلق ایک معاملے میں چار قصورواروں کو گرفتار کیا ہے۔
☆ ایئرانڈیا ایکسپریس نے عملے کی کمی کے سبب 80 سے زائد پروازیں منسوخ کردی ہیں۔
☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آج مغربی بنگال کے ترائی والے علاقے اور اوڈیشہ میں بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔
☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**4th Phase Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے انتخابی مہم زور پکڑتی جارہی ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے تلنگانہ میں دو جلسوں سے خطاب کیا ۔ آج صبح کریم نگر لوک سبھا حلقے میں Vemulawada میں ایک جلسۂ عام میں تقریر کرتے ہوئے ، جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ 10 سال کی NDA سرکار کی کامیابیوں کا سہرا عوام کے سر جاتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ انہیں ووٹ دینے سے ملک کو دفاعی ساز و سامان برآمد کرنے والا ملک بنا دیا گیا ہے ، جبکہ وہ پہلے اس طرح کا سامان درآمد کیا کرتا تھا اور اُن کے اِسی ووٹ کی وجہ سے کشمیر سے متعلق دفعہ 370 کو ہٹایا جاسکا ہے۔

جناب مودی نے BRS اور کانگریس پر تلنگانہ میں شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے اِس بات پر زور دیا کہ BJP ملک پہلے کی پالیسی پر انتخابی مہم چلا رہی ہے، جبکہ کانگریس اور BRS کی انتخابی مہم کی بنیاد پہلے خاندان ہے۔

اُدھر اترپردیش میں مختلف سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے BJP پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ بھگوا پارٹی عوام کو گمراہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس اقتدار میں آتی ہے تو آشا کارکنوں ، آنگن واڑی کارکنوں اور ایم جی نریگا کارکنوں کی اجرتوں کو ڈبل کردیا جائے گا۔ انہوں نے اتر پردیش میں رائے بریلی میں پہلی سیاسی ریلی میں تقریر کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے شاہجہاں پور میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ، BJP پر شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارٹی جھوٹے وعدے کرتی ہے۔ بعد میں وہ فرخ آباد میں بھی پارٹی امیدواروں کی حمایت میں جلسوں سے خطاب کریں گے۔

BJP کے اعلیٰ رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پارٹی امیدوار اور امورِ داخلہ کے مرکزی وزیر مملکت اجے مشرا Teni کی حمایت میں لکھیم پور کھیری میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اپنی تقریر میں جناب امت شاہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نہ صرف نریندر مودی کو تیسری بار وزیر اعظم بنانے کیلئے بلکہ مرکزی سرکار کی فلاحی اسکیموں کو جاری رکھنے کیلئے بھی ووٹ دیں۔

## Sitharaman - Rahul Gandhi

بی جے پی کی اعلیٰ رہنما اور مرکزی وزیرخزانہ محترمہ نرملا سیتا رمن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کے ، اِن الزامات کو ردّ کردیا ہے کہ سرکاری شعبے کے اداروں کوختم کیا جارہا ہے اور اُن کی حالت خراب ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے جناب گاندھی کے الزامات کو ردّ کرتے ہوئے ، ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر دعویٰ کیا کہ نریندر مودی سرکار میں ، سرکاری شعبے کے ادارے پھل پھول رہے ہیں۔ محترمہ سیتا رمن نے الزام لگایا کہ کانگریس کی زیر قیادت UPA سرکار میں سرکاری شعبے کے اداروں کو نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ موجودہ سرکار مشینری وغیرہ کے اخراجات پر توجہ مرکوز کررہی ہے ، جس کے نتیجے میں اُن کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

## Haryana Independent

ہریانہ میں تین آزاد اسمبلی ممبروں نے BJP سرکار کی حمایت ختم کردی ہے اور انہوں نے اپوزیشن کانگریس پارٹی کی حمایت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِن اسمبلی ممبروں میں Pundri سے رندھیر گولن ، Nilokheri سے دھرم پال Gonder اور دادری سے Sombir Singh Sangwan شامل ہیں۔ اِن تینوں ممبروں نے ریاستی گورنر بندارو دتّا ترے کو ایک خط لکھ کر اپنے اِس فیصلے کی اطلاع دی ہے۔ انہوں نے کل شام روہتک میں ایک پریس کانفرنس میں اپنے فیصلے کا اعلان کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان تینوں اسمبلی ممبروں نے کسانوں کے مفاد میں سرکار کی حمایت ختم کردینے کا فیصلہ کیا ہے۔

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے کہا ہے کہ بعض اسمبلی ممبر اپنے کچھ بڑے عزائم رکھتے ہیں ، جو کبھی پورے ہونے والے نہیں ہیں۔ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ کے میڈیا سکریٹری پروین Atrey نے کہا ہے کہ آزاد اسمبلی ممبروں کے حمایت واپس لینے سے سرکار پر کوئی اثر نہیں پڑے گا کیونکہ اسے 90 رکنی اسمبلی میں 47 کی حمایت حاصل ہے۔

## CBI Trafficking Case

مرکزی جانچ بیورو سی بی آئی نے روس کی فوج میں لڑنے کے لیے غیرقانونی طور پر بھارتی شہریوں کو بھیجے جانے سے متعلق ایک معاملے میں 4 قصورواروں کو گرفتار کیا ہے۔ سی بی آئی نے کہا ہے کہ اُس نے غیرقانونی طور پر لوگوں کو بیرون ملک بھیجے جانے کے ملک بھر میں چل رہے ایک بڑے نیٹ ورک کا پتہ لگایا ہے جو نوکری دلانے کا لالچ دے کر نوجوانوں کو نشانہ بناتا تھا۔ اِس معاملے میں سی بی آئی نے 4 لوگوں کو حراست میں لیا ہے جن میں سے دو کیرالا کے اور دو ممبئی کے باشندے ہیں۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ لوگ روس میں زیادہ سے زیادہ اُجرت والی نوکریوں کے لیے اپنے مقامی ایجنٹوں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمس کے ذریعہ بھارتی شہریوں کو ایک منظّم نظام کے ذریعے راغب کرنے کی کارروائی انجام دے رہے تھے۔

## Kerala - Air India Express

کل رات ایئر انڈیا انجینئرنگ سروس کے ملازمین کے اچانک ہڑتال کردینے کی وجہ سے ایئر انڈیا ایکسپریس کی 80 سے زیادہ پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ اِن ملازمین نے ائیرلائن انتظامیہ کی بعض پالیسیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مجموعی طور پر Sick Leave لے لی ہے۔ مسافروں کو اِس ہڑتال کا کوئی علم نہیں تھا اور بہت سے افراد کو ہوائی اڈے پہنچنے کے بعد ، اِس کی جانکاری ملی۔ کوچن بین الاقوامی ہوائی اڈے سے چار بین الاقوامی پروازیں اور بنگلورو کے لیے ایک گھریلو پرواز منسوخ کردی گئی ہیں۔ ان میں شارجہ ، بحرین ، دمام اور مسقط جانے والی ایئر انڈیا ایکسپریس کی پروازیں شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ مسقط، بحرین اور دمام سے آج شام آنے والی ایئرانڈیا ایکسپریس کی پروازیں بھی منسوخ کردی گئی ہیں۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج مغربی بنگال اور اوڈیشہ کے گنگا کے ترائی والے علاقوں میں چالیس سے پچاس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہلکی اور تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط بارش اور گرج چمک کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔
IMD نے کہا ہے کہ ملک کے مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما خطوں میں آج سے گرمی کی شدت میں کمی آئے گی۔
خطے میں اگلے چند روز کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ راجستھان اور مغربی مدھیہ پردیش میں اگلے دو روز تک شدید گرمی جاری رہنے کا امکان ہے۔

**NAVY**

ریئر ایڈمرل راجیش دھنکر کی قیادت میں بھارتی بحریہ کے وفد نے کل ''انفارمیشن فیوژن سنگاپور'' کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد بھارت اور سنگاپور کے درمیان بحری سلامتی سے متعلق تعاون کو فروغ دینا اور دوستی کو اور زیادہ مضبوط کرنا تھا۔ وفد نے اپنے دورے میں خطے میں بحری سلامتی کے موجودہ منظرنامے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے طورطریقوں پر بات چیت کی۔

**J&K Caso Poonch Attack**

جموں و کشمیر میں سرحدی ضلعے پنچ کے Shaistar جنگلاتی علاقے اور اس کے اطراف محاصرے اور تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ اس مہینے کی چار تاریخ کو بھارتی فضائیہ کی گاڑیوں کے قافلے پر دہشت گردوں نے گھات لگاکر حملہ کیا تھا۔ اس کے فوراً بعد یہ کارروائی شروع کی گئی تھی۔ آج اِس کارروائی کا لگاتار پانچواں دن ہے۔ فوج اور پولیس نے پونچھ کے Sanai ، Shashtar ، Gursai Top اور Sheen Dhara سمیت کچھ دوسرے علاقوں میں ، جہاں لکڑی کے گھنے جنگلات ہیں، یہ کارروائی شروع کی ہے۔

**World Red Cross Day**

عالمی ریڈکراس اور ریڈکریسنٹ دن آج منایا جارہا ہے۔ یہ دن ہر سال اُن رضاکاروں کو خراج عقید پیش کرنے کے لیے منایا جاتا ہے جو ضرورت مند لوگوں کو تحفظ، امداد، صحت سے متعلق دیکھ بھال اور سماجی مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ دن ہر سال 8 مئی کو بین الاقوامی ریڈکراس اور ریڈکریسنٹ تحریک کے اصولوں اور اُن کے ذریعے انسانی بنیادوں پر انجام دیئے گئے کاموں کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ سوئس رضاکار Henry Dunant نے آج سے 160 سال پہلے ریڈکراس اور ریڈکریسنٹ قائم کئے تھے۔

**Bangla President**

کل گرودیو رابندرناتھ ٹیگور کے 163 ویں یوم پیدائش کے موقع پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے کہا کہ رابندر لٹریچر پاکستانی ثقافت کے خلاف اصل طورپر باعث فیضان ثابت ہوا اور اُن کے ترانے بنگلہ دیش کی جدوجہد آزادی میں تحریک کا باعث بنے۔ بنگلہ دیش کے صدر نے کہا کہ رابندرناتھ ٹیگور بنگالی ادب کے روشن مینار ہیں جنہوں نے پوری شان وشوکت کے ساتھ اِسے دنیا سے روشناس کرایا۔

بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ بنگالی شعروادب، نغمے، مختصرکہانیاں، ناول، مضامین، ڈرامے رابندرناتھ ٹیگور کے جادوئی قلم سے اور بھی سحرانگیز ہوگئے۔

بنگلہ دیش حکومت نے رابندرناتھ ٹیگور کے یوم پیدائش کے موقع پر کئی پروگرام کا انعقاد کیا ہے۔

**IPL Cricket**

آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سَن رائزرس حیدر آباد کا مقابلہ لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔

کل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دلّی کیپٹلز نے راجستھان رایلس کو 20 رن سے ہرا دیا۔ اِس جیت کے ساتھ دلی کی ٹیم پوائنٹس کی فہرست میں پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے جبکہ راجستھان شکست کے باوجود دوسرے مقام پر ہے۔

**Saudi Smash**

ٹیبل ٹینس میں بھارت کی Manika Batra آج سعودی عرب کے شہر جدہ میں سعودی Smash میں خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹرفائنل میں جرمنی کی Nina Mittelham کا سامنا کریں گی۔ اِس سے قبل انھوں نے چین کی عالمی نمبر دو کھلاڑی Wang Manyu کو تین ایک سے شکست دی تھی۔

**SL Cricket**

سری لنکا کرکٹ ایسوسی ایشن نے مردوں کے آئی سی سی ٹی-20 عالمی کپ 2024 کے دوران بھارت میں دودھ کی کمپنی امول کو سری لنکا کی مردوں کی ٹیم کا اسپانسر مقرر کیا ہے۔ سری لنکا کرکٹ کے CEO ایشلے ڈی سلوا نے کہا ہے کہ یہ ایک بہترین قدم ہے اور ایک بین الاقوامی کھیل سے اِس کمپنی کو منسلک کرنے سے بین الاقوامی سطح پر اِسے فروغ حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆